No. SU/CE 498
Dated: 13-11-2020

یونیورسٹی آف سرگودھا

پریس ریلیز

یونیورسٹی آف سرگودھا کے زیرانتظام ایم اے/ایم ایس سی پارٹ ون/ کمپوزٹ اور ایم کام پارٹ ون دوسرا سالانہ امتحان 2019/ پہلا سالانہ امتحان 2020، 20 نومبر 2020 سے شروع ہو رہا ہے۔ ریگولر/لیٹ کالج امیدواران کے رولنمبر سلپس ان کے متعلقہ کالجوں کے پرنسپل کو ارسال کر دی گئی ہیں۔ جبکہ پرائیویٹ امیدواران مندرجہ ذیل لنک پر اپنا شناختی کارڈ نمبر درج کر کے اپنی رول نمبر سلپس ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں۔ http://121.52.153.212/Examination

واضح رہے کہ پرائیویٹ امیدواران کو رول نمبر سلپس بذریعہ ڈاک ارسال نہیں کی جائیں گی۔ جن پرائیویٹ امیدواران نے داخلہ فارموں پر لگے اعتراض ابھی تک دور نہیں کرائے انہیں ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ امتحان شروع ہونے سے قبل مطلوبہ دستاویزات بذریعہ ڈاک "ایڈمن آفیسر ایم اے/ایم ایس سی برانچ شعبہ امتحانات یونیورسٹی آف سرگودھا" کو ارسال کریں یا navid.asif@uos.edu.pk پر ای میل کریں تاکہ ان کی رول نمبر سلپس جاری کی جا سکیں۔ اس سلسلے میں امیدوار کی طرف سے تاخیر /عدم تعمیل کی وجہ سے رول نمبر سلپ جاری نہ ہونے کی تمام تر ذمہ داری متعلقہ امیدوار پر ہو گی۔

مزید برآں نومبر کے آخری ہفتہ میں ایم اے/ایم ایس سی پارٹ ٹو میں شرکت کرنے والے پرائیویٹ امیدواران کی رول نمبر سلپس اپ لوڈ کی جائیں گی۔ جبکہ ایم اے/ایم ایس سی/ایم کام پارٹ ٹو کے ریگولر/لیٹ کالج امیدواران کی رول نمبر سلپس ان کے متعلقہ کالج کے پرنسپل کو ارسال کر دی جائیں گی۔

ڈاکٹر محمد بشیر

کنٹرولر امتحانات

13.11.2020

Result.pk